# ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ھاؤسنگ سوسائٹی، اسلام آباد

Ref No. MP/MC/MG/TG/E-11/ROS/NL-42
Date: 18-11-2021




**محترم ممبران السلام وعلیکم!**

سوسائٹی کی بہتری کے لئے انتظامیہ دن رات کوشاں ہے اور آپ کے اعتماد کی وجہ سے خاطر خواہ کامیابیوں سے ہمکنار ہو رہی ہے۔ نیوز لیٹر ہمارے رابطے کی کڑی ہے جس کے ذریعے ہم آپ ممبران کو گاہے بگاہے ہونے والی ڈویلپمنٹ سے آگاہ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔امید ہے کہ آپ سب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خیریت سے ہوں گے۔

# ملٹی نیوز لیٹر 2021

## سالانہ اجلاسِ عام AGM (2021)






# " اسلام آباد گارڈنز "CDA سیکٹر E-11/1 اور E-11/3

مون سون کی تازہ لہر کے دوران E-11/2 میڈیکل سوسائٹی سیلاب کی شدید تباہی سے دوچار ہوئی۔لوگوں نے پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا کے علاوہ اپنی جاگتی آنکھوں سے ہولناک مناظر دیکھے۔قیمتی گاڑیاں اور گھروں کا سامان سیلابی ریلے میں کاغذ کی طرح بہہ رہا تھا گھر تباہ ہوئے۔انسانی جانوں کا ضیاع ہوا اور قیمتی ساز وسامان سیلاب کی نظر ہوگیا۔

ملٹی سوسائٹی کے دونوں سیکٹر E-11/3 اور E-11/1 اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور بہترین پلاننگ کی وجہ سے مکمل محفوظ رہے۔سوسائٹی نے ان دونوں سکیموں میں ترقیاتی کاموں کے دوران تمام حفاظتی انتظامات کو ملحوظِ خاطر رکھا۔

CDA کے قوانین کی مکمل پاسداری کی جس کے نتیجے میں دونوں سکیمیں تمام خطرات سے محفوظ رہیں۔بدقسمتی سے دیگر سوسائٹیز نے برساتی نالوں کی قدرتی چوڑائی کو کم کر کے بے پناہ تجاوزات کو فروغ دیا جس سے ان نالوں کی چوڑائی خطرناک حد تک کم ہوگئی اور تباہی مقدر بنی۔ان تجاوزات کا ابھی تک حکومت اور متعلقہ سوسائٹیز کوئی قابلِ عمل حل تلاش نہیں کرسکیں۔

اس مشکل صورتحال میں انتظامیہ اور ہماری سوسائٹی کے عملے نے دن رات متاثرہ لوگوں کی مدد کی جسے ہر فورم پر بے حد سراہا گیا۔

ہم ممبران کو یقین دلاتے ہیں کہ انشاء اللہ آئندہ بھی پیشگی مناسب اقدامات کے پیشِ نظر دونوں سکیموں کو تمام خطرات سے محفوظ رکھا جائے گا۔سوسائٹی کا عملہ دن رات تمام صورتحال پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے۔جس کے نتیجے میں دونوں سکیموں میں صفائی، ستھرائی، سیکورٹی، لینڈ سکیپنگ اور دیگر تمام معاملات بہترین انداز میں موجود ہیں۔جن کی حکومت، انتظامیہ، CDA اور دیگر سوسائٹیز کے مکین برملا ہر فورم پر اعتراف کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔سوسائٹی نے جامع مسجد طوبیٰ میں نمازیوں کی تجویز پر داخلی گیٹ سے مسجد کے اندر تک بارش سے بچاؤ کیلئے حال ہی میں ایک شیڈ تعمیر کرایا۔اس کے علاوہ پارکنگ کے انتظامات بہتر کئے اور سیکورٹی کے انتظامات کو مزید فعال بنانے کیلئے موبائل گارڈز کی تعداد میں بھی اضافہ کیا گیا۔بجلی کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے کثیر اخراجات کے باوجود نئی لائنیں بچھائی گئیں تاکہ ممبران کی مشکلات کم ہوسکیں۔اس کے ساتھ ساتھ مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کا ایک مربوط نظام ترتیب دیا گیا ہے۔تاہم انتظامیہ اپنے ممبران کی بہتری کیلئے تجاویز کا خیر مقدم کرے گی۔




برائے مزید معلومات و رابطہ سائٹ انچارج سعد ساجد 0320-8521970۔ فون: 051-2228522




# " ٹیلی گارڈنز " CDA سیکٹر F-17 اسلام آباد



کمرشل ایریا ٹیلی گارڈنز F-17



جامع مسجد بلالؓ ٹیلی گارڈنز F-17

یہ زون II کی واحد سو فیصد مکمل سکیم ہے جو تمام مروجہ قوانین کا مکمل احاطہ رکھتی ہے۔ سکیم میں شدید گرمیوں کے دوران پینے کے پانی کے مسائل سامنے آئے۔ تحقیق کرنے پر پتہ چلا کہ سوسائٹی سے ملحقہ ایریا میں PTCL نے تقریباً 4 ہزار یوکلپٹس کے درخت لگائے ہوئے ہیں۔ بین الاقوامی تحقیق کے مطابق یوکلپٹس کا ایک درخت روزانہ 90 سے 200 لیٹر زیرزمین پانی جذب کرتا ہے۔ ان چار ہزار درختوں نے F-17 کے علاقے میں زیرزمین پانی خطرناک حد تک کم کر دیا۔ ان درختوں کی جگہ ماحول دوست درخت لگانے کیلئے اسلام آباد انتظامیہ سے مسلسل رابطہ ہے۔ امید ہے جلد اس کا حل نکل آئے گا۔

ایمرجنسی صورتحال سے کافی حد تک کامیابی سے نمٹا گیا۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ زیر زمین پانی کی تلاش کا کام بھی جاری رکھا۔ الحمدللہ سکیم میں 3 مقامات پر پانی کے وسیع ذخائر کی نشاندہی ہوئی ہے۔ مون سون کا موسم ختم ہونے کے بعد اکتوبر کے مہینے میں ان مقامات پر بورنگ کی جائیگی۔ امید ہے کہ اس مسئلے کا دیرپا حل نکل آئے گا۔ یہ سکیم مکمل طور پر آباد ہے جہاں کمرشل سرگرمیاں بھی پوری طرح فعال ہیں۔ سکیم کے میڈیکل سینٹر میں تقریباً فری ڈائلیسز کی سہولت موجود ہے۔ پارکس اور دیگر تفریحی سرگرمیوں سے ممبران بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ سے آلودگی کے مسائل پر قابو پایا جاچکا ہے۔ جبکہ کمیونٹی سینٹر اور فیڈرل گورنمنٹ سکول کی تعمیر عنقریب شروع کردی جائیگی۔

برائے مزید معلومات ورابطہ سائٹ انچارج نعمان ساجد 0323-5100323 ۔ فون: 051-2161110






خوبصورت Villas، بلاک C-1

# " ملٹی گارڈنز " B-17 سکیم

ملٹی گارڈنز B-17 سوسائٹی کی سب سے بڑی اور منفرد سکیم ہے۔ اس کے خوبصورت لے آؤٹ پلان کا ہر شخص معترف ہے۔ سکیم میں تعمیراتی سرگرمیاں عروج پر ہیں۔ جبکہ چار ہزار سے زیادہ گھر آباد ہو چکے ہیں۔ سوئی گیس اور زیر زمین بجلی فراہم کی جا چکی ہے۔ جبکہ سکیم میں مختلف مقامات پر زیر زمین پانی کی وافر مقدار میں موجودگی کی نشاندہی ہوئی اور اس وقت الحمدللہ پانچ ٹیوب ویل پوری طرح فعال ہیں۔ مزید مقامات پر مستقبل میں بورنگ کی جائے گی۔ چڑیا گھر اور گیٹ نمبر 2 کے پاس ڈیم نہ صرف ممبران بلکہ اردگرد کی آبادیوں کیلئے بہترین تفریح گاہ کے مقام بن چکے ہیں۔ جہاں ہر وقت لوگوں کا ایک ہجوم موجود رہتا ہے۔ کرکٹ گراؤنڈ میں دیگر علاقوں کی ٹیموں کے ساتھ ٹورنامنٹ منعقد کئے جاتے ہیں۔ فٹ بال گراؤنڈ میں ہر وقت ایک چہل پہل نظر آتی ہے۔ سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ اور سالڈ ویسٹ پلانٹ پوری طرح فعال کئے جا چکے ہیں۔ بہترین شجرکاری اور گرین پاکستان کے تصور کو عملی جامع پہنانے کیلئے سوسائٹی کا سٹاف دن رات کوشاں ہے۔ ملٹی کلب تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔

کیپیٹل اسکوائر میں یو یو مال۔ J7 ایمپوریم۔ ونسٹن مال اور مال آف B-17 جیسے میگا پروجیکٹس ہر ایک کی توجہ کا مرکز ہیں۔ ان میگا پروجیکٹس میں لوگوں کی سرمایہ کاری تیزی سے جاری ہے۔ جی ٹی روڈ پر یوٹرن کا دیرینہ مسئلہ ممبران کے تعاون سے جلد حل ہو جائے گا۔ NHA نے اس کی تعمیر کیلئے ضابطے کی کاروائیاں شروع کر دی ہیں۔ کرکٹ گراؤنڈ کی کی ازسرِ نو تزئین و آرائش کی گئی ہے اور اب اس میں سکیم کے رہائشیوں کے علاوہ دیگر ٹیمیں بھی باقاعدگی سے حصہ لے رہی ہیں۔

انتظامیہ کی شب و روز کی کاوشوں سے A بلاک میں زمین کا ایک بڑے حصے کے قبضہ کے حصول میں نمایاں کامیابی ہوئی ہے۔ اس حصے کا قبضہ حاصل کر لیا گیا ہے اور گلیاں بھی کارپٹ کر دی گئی ہیں اُن ممبران سے گذارش ہے کہ اپنے گھر جلدی سے تعمیر کریں۔ باقی پلاٹس جہاں قبضہ حاصل کرنے کا عمل جاری ہے جلد ہی پیشرفت ہونے کا امکان ہے۔ باقی بلاکس کے بھی Non Possession پلاٹس کو کلیئر کرنے کے لئے کوششیں تیزی سے جاری ہیں۔



خوبصورت مونامنٹ، مین ڈبل روڈ

برائے مزید معلومات ورابطہ سائٹ انچارج ندیم اختر ستی 0324-5048490۔ فون: 051-5203040



جامع مسجد حضرت عمر فاروقؓ، بلاک E



جامع مسجد رحمت للعالمین، بلاک B



J-7 ایمپوریم بلاک C، سیکٹر B-17 سکیم



G بلاک میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ مارگلہ پہاڑیوں پر کرشنگ پلانٹس بند کر دیئے گئے ہیں جہاں محکمہ جنگلات حکومت پنجاب ، ملٹی سوسائٹی اور B-17 کے رہائشیوں کی طرف سے اس سال بڑے پیمانے پر شجر کاری کی گئی۔ جس سے آئندہ سالوں میں سرسبز پہاڑیوں کا نظارہ دیکھنے میں آئے گا۔ ترقیاتی اور تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہیں ۔ یہ سکیم سوسائٹی کا ایک شاہکار ہو گی۔ جہاں پراپرٹی کی قیمتوں میں دن بدن غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ خاص طور پر مارگلہ ایونیو کی تیزی سے تعمیر اور اس کے جلد فعال ہونے کی خبروں سے B-17 کی مجموعی اہمیت پر بہت مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ امید ہے کہ G بلاک بھی اپنے مقررہ وقت سے پہلے گھر بنانے کے لئے ممبران کے حوالے کر دیا جائے گا۔



Multi Zoo، بلاک C



خوبصورت مونامنٹ، مین ڈبل روڈ







ہاورڈ پبلک سکول سسٹم

# ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈ فارم ہاؤسنگ سکیم

سکیم میں آبادی کا تیزی سے رجحان دیکھنے میں آیا ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے پیشِ نظر اب کمرشل پلازوں کی تعمیر میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ اس سکیم کا لے آؤٹ پلان دیگر فارم ہاؤسز کی سکیموں سے مختلف ہے۔ جس میں سیوریج، ڈرینج، زیر زمین بجلی، سوئی گیس اور دیگر تمام وہ سہولیات جو رہائشی سکیموں میں مہیا کی جاتی ہیں وہ سب یہاں موجود ہیں۔ کشادہ سڑکیں، پارک، کھیلوں کے میدان، سکول، ہسپتال غرض یہ کہ زندگی کی تمام ضروریات سکیم میں موجود ہیں۔ سکیورٹی کا ایک فعال نظام ہے۔ جس کی وجہ سے آئے دن نئے تعمیراتی منصوبے جنم لے رہے ہیں۔ یہاں پراپرٹی کی قیمتوں میں بھی غیر معمولی اضافے کا رجحان ہے۔ آنے والا وقت بتائے گا کہ یہ سکیم اپنی مثال آپ ہوگی۔

سکیم میں بین الاقوامی معیار کا کرکٹ گراؤنڈ اور فٹ بال گراؤنڈ تعمیر کیا گیا ہے جہاں مختلف شہروں کی ٹیمیں میچز منعقد کراتی ہیں۔

سوسائٹی انتظامیہ کی مسلسل کوشش ہے کہ تمام سکیموں کو ایک مثالی درجہ دیا جائے لوگ سوسائٹی کی اس کارکردگی کے پہلے بھی معترف ہیں تاہم انتظامیہ کی کوشش ہے کہ ان کے اعتماد اور بھروسے کو مزید مستحکم کیا جائے۔




مونارچ مارکی، بلاک C








خوبصورت فارم ہاؤس، بلاک D




ملٹی میڈیکل سنٹر



ایمبولینس کی سہولت



جامع مسجد حضرت عثمان غنیؓ، بلاک B-Ext



خوبصورت جامع مسجد خدیجۃ الکبریٰ

برائے مزید معلومات ورابطہ سائٹ انچارج ارسلان اکبر 0332-5755807 ۔ فون: 051-4868000




ڈاکٹر سکندر حیات خان کرکٹ سٹیڈیم ۔ بلاک ROS B



فٹبال گراؤنڈ ROS



ملٹی گارڈنز B-17 سکیم Winston Mall




ملٹی گارڈنز B-17 بلاک G میں سڑکوں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری



ملٹی گارڈنز B-17 بلاک G میں خوبصورت مونا منٹ



بیڈمنٹن گراؤنڈ B-17

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام AGM

"اسلام آباد گارڈنز" سیکٹر E-11 ۔ "ٹیلی گارڈنز" سیکٹر F-17 ۔ "ملٹی گارڈنز" B-17 سکیم اور ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ پروجیکٹ کے ممبران متوجہ ہوں۔

ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کی سکیموں "اسلام آباد گارڈنز" سیکٹر E-11/3 فیز-I اسلام آباد گارڈنز سیکٹر E-11/1 فیز-II، اسلام آباد۔ "ٹیلی گارڈنز" سیکٹر F-17 اسلام آباد۔ "ملٹی گارڈنز" B-17 سکیم اور ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ پروجیکٹ کے تمام ممبران کا **سالانہ اجلاس عام (AGM)۔ مورخہ 22 دسمبر 2021ء بروز بدھ۔ بوقت 12:30 بجے دن۔ بمقام ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈ فارم ہاؤسنگ پروجیکٹ کے بلاک C، MR-I، نزد جامع مسجد عثمان غنیؓ میں منعقد ہوگا۔**

اجلاس میں صرف سوسائٹی کے وہ ممبران شرکت کر سکتے ہیں جن کے پاس COVID-19 نادرا کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ موجود ہو گا۔ ممبرشپ کے ثبوت کے طور پر الاٹمنٹ لیٹر یا ادائیگی رقم کی رسید کی کاپی کے ساتھ اصل شناختی کارڈ لانا لازمی ہے۔ ممبران کی آسانی کے لیے GPO، صدر راولپنڈی، اور ملٹی مینشن G-8 مرکز اسلام آباد آفس اور بیریئر نمبر 3 واہ کینٹ، مین جی ٹی روڈ N-5 سے اجلاس عام میں شرکت کے لیے ٹرانسپورٹ کا انتظام کیا جائے گا۔

## مجوزہ ایجنڈہ

(1) تلاوت کلام پاک۔ (2) صدر کا خطبہء استقبالیہ (3) سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ (4) کاروائی گذشتہ اجلاس عام منعقدہ 15-12-2020 کی توثیق (5) ممبران کے داخلے اور خروج کی توثیق۔ (6) آڈٹ رپورٹ سال 2020-2021 اور بجٹ مالی سال 2021-2022 کی منظوری۔ (7) مختلف افراد۔ کمپنیوں۔ ڈویلپرز کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹ کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کئے گئے نئے ترمیمی اور توسیعی معاہدوں کی تفصیل بیان اور ان کی منظوری۔ (8) سوسائٹی میں نئے ملازمین کی تقرری، پرموشن اور برخاستگی کی منظوری۔ (9) سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے اراضی کے تبادلہ اور خرید کی گئی اراضی و قبضہ اور آبادیوں اور لینڈ سکیپنگ کے لئے کئے گئے معاہدوں اور ادا کی گئی رقم کی تفصیل اور ان کی منظوری۔ (10) تمام سکیموں میں کئے گئے ڈویلپمنٹ، کنسٹرکشن کے کاموں۔ ترقیاتی کاموں کی مد میں ادا کردہ بلز، سروس چارجز اور سکیموں میں توسیع کی منظوری۔ (11) تمام سکیموں میں فروخت کئے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، اپارٹمنٹ، مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں اور ان کی قیمت کی منظوری۔ (12) تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کی قیمتوں میں کئے گئے اضافے کی منظوری۔ (13) تمام سکیموں میں پلاٹ سائز میں کمی بیشی، سائز اور پلاٹ وغیرہ تبدیل کرنے کی منظوری۔ (14) رہائشی اور کمرشل پلاٹ کے واجبات ادا کرنے والے ممبران کے پلاٹ منسوخ کرنے کی منظوری۔ (15) وقفۂ سوالات۔ (16) دیگر کسی بھی مسئلے پر صدر سوسائٹی کی پیشگی منظوری سے گفتگو۔ (17) اجلاس کے اختتام پر تناول ماحضر۔

کورونا COVID-19 اور سیکورٹی خدشات کے پیشِ نظر اس دفعہ سالانہ اجلاسِ عام AGM میں داخلہ انتہائی محدود ہوگا۔ صرف ان ممبران کو شرکت کی اجازت دی جائے گی جن پاس نادرا کی طرف سے جاری کردہ COVID ویکسین سرٹیفکیٹ ہوگا۔ غیر متعلقہ افراد کا داخلہ قطعاً ممنوع ہوگا۔ اپنی حفاظت کے پیش نظر ماسک اور دیگر حفاظتی ہدایات پر سختی سے عمل کریں اور سوسائٹی کے عملے سے تعاون کریں۔

نوٹ: ممبران سے گذارش ہے کہ اپنے ہمراہ فیملی یا دوستوں کو لانے سے گریز کریں اور ہمیں شرمندگی سے بچائیں۔

منجانب: انتظامیہ کمیٹی MPCHS











## سیکیورٹی کے انتظامات

جدید ٹیکنالوجی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے سوسائٹی نے تمام سکیموں میں موجودہ سیکیورٹی صورتحال کو بہتر کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کئے ہیں۔ سوسائٹی کی سکیموں کے اردگرد حفاظتی دیوار اور خاردار تار اور **CCTV** کیمرے نصب کئے جا چکے ہیں ہیں جہاں ہمہ وقت سیکیورٹی گارڈز ڈیوٹی ادا کرتے ہیں۔ ان تمام اقدامات کے علاوہ سیکورٹی کا باقاعدہ الگ ڈیپارٹمنٹ قائم کیا گیا ہے جس کے انچارج میجر نفیس عالم بنگش (موبائل: **0300-5008946**) اور صوبیدار نثار احمد (موبائل: **0336-5574652**) ہے۔ سیکیورٹی سے متعلق کسی بھی شکایت کی صورت میں ان سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## بقایا رقوم کی ادائیگی

سوسائٹی نے کبھی بھی اپنے ترقیاتی کاموں کے معیار میں کسی بھی سطح پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ ہمیشہ اپنے وعدوں کو پورا کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ چاہے اسے بے حد مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ یہی وجہ ہے کہ آج سوسائٹی کی تمام سکیمیں آپ کی رہائش کی منتظر ہیں۔ سوسائٹی نے ہر وہ سہولت مہیا کی ہے جو آج کے دور کی متقاضی ہے۔ یہ سب اسی صورت میں ممکن ہے جب آپ اپنے بقایا جات کی سوسائٹی کی پالیسی کے مطابق بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں۔

نوٹ: جن ممبران کے پلاٹس کلیئر ہیں وہ اپنے پلاٹس کا قبضہ لیکر جلد تعمیراتی کام شروع کریں۔ انتظامیہ آپ کے اس عمل کا بھرپور ساتھ دے گی۔

ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ای میل، موبائل نمبر اور ایڈریس کی تبدیلی کی صورت میں عامر ایاز علی کو تحریری اطلاع دیں اور ان کے موبائل نمبر **0300-5276817** پر فوری رابطہ کریں تاکہ آپ سے رابطہ کرنے میں آسانی ہوسکے۔

منجانب: انتظامیہ کمیٹی **MPCHS**


## ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (MPCHS)

ملٹی مینشن، G-8 مرکز، اسلام آباد۔ پاکستان

فون نمبر: 051-2254115, 2253470, 2261204, 2255875, 2255853
2255501, 2255113, 2254448, 2850640

برائے مزید معلومات رابطہ عامر ایاز: 0300-5276817 ۔ علی شان: 0332-5514842 ۔ داؤد اقبال: 0304-5748348 ۔ محمد قاسم: 0301-5590082

ویب سائٹ: www.mpchs.com ای میل: info@mpchs.com

**UAN: 051 111 631 632**